# 11-02-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

...... مادیگا ریزرویشن پورٹا سمیتی (ایم آر پی ایس) لیڈر مندا کرشنا مادیگا اور چیف منسٹر ریونت ریڈی کے درمیان میٹنگ آج مثبت بات چیت کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔

......ریاستی محکمہ افزائش مویشیاں نے برڈ فلو کے پیش نظر ترجیحی سرکلر میں کہا ہے کہ حکام ہائی الرٹ پر رہیں اور ایوین انفلوئنزا کو روکنے کے لئے مناسب تیاری کو یقینی بنائیں

......نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا مانے کہا کہ تلنگانہ حکومت آئندہ موسم گرما کے دوران بجلی کی طلب کو پورا کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔

...... چیف سکریٹری شانتی کماری نے آج ریت کانکنی کے مسئلہ پر کلکٹرس کے ساتھ ٹیلی کانفرنس منعقد کی۔

## SC

مادیگا ریزرویشن پورٹا سمیتی (ایم آر پی ایس) لیڈر مندا کرشنا مادیگا اور چیف منسٹر ریونت ریڈی کے درمیان میٹنگ آج مثبت بات چیت کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔ دونوں قائدین نے درج فہرست ذات (ایس سی) ذیلی ذاتوں کی درجہ بندی پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔مندا کرشنا مادیگا نے درجہ بندی کے عمل میں وزیر اعلیٰ کے عزم کی تعریف کی اور اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔اور کہا کہ وہ حکومت کے ساتھ ہیں۔انہوں نے درجہ بندی کے عمل میں مختلف چیلنجوں پر بھی روشنی ڈالی اور حکومت پر زور دیا کہ وہ ان سے مؤثر طریقے سے نمٹے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے مادیگاس اور دیگر ایس سی ذیلی ذاتوں کے لیے انصاف کو یقینی بنانے کے لیے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ ان کی کوششیں سیاسی تحفظات سے بالاتر ہیں۔ایک سرکاری بیان میں کہا گیا کہ انہوں نے نمائندوں پر زور دیا کہ وہ کسی بھی اعتراض یا خدشات کو کابینہ کی ذیلی کمیٹی اور قانونی کمیشن کی توجہ میں مزید جائزہ اور حل کے لیے دلائیں۔

## BIRD FLU

ریاستی محکمہ افزائش مویشیاں نے برڈ فلو کے پیش نظر ترجیحی سرکلر میں کہا ہے کہ حکام ہائی الرٹ پر رہیں اور ایوین انفلوئنزا کو روکنے کے لئے مناسب تیاری کو یقینی بنائیں کیونکہ دیگر ریاستوں کے مرغی فارمس میں ایچ پی اے آئی کی اطلاع ملی ہے۔اور شمالی اور مغربی گوداوری اضلاع۔آندھرا پردیش میں ہزاروں کی تعداد میں مرغیوں کے مرنے کی اطلاعات ہیں۔عہدیداروں کو چوکنا رہنے کے لئے کہا گیا ہے۔ دیگر ریاستوں میں رپورٹ ہونے والے ایچ پی اے آئی کے بارے میں مطلع کرنے کے لئے ریاست کے ضلع کلکٹروں کی توجہ طلب کرتے ہوئے،حکومت کے اسپیشل چیف سکریٹری، سبیا ساچی گھوش نے سرکلر میں کہا کہ مرکزی حکومت نے ریاستوں سے پولٹری کے تحفظ کے لئے اس ایچ پی اے آئی کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے بائیوسیکورٹی اقدامات کو مستحکم کرنے کی درخواست کی ہے۔انہوں نے ضلع کلکٹرس سے کہا کہ وہ پولٹری فارمرس، صارفین اور عوام میں ایچ پی اے آئی کی روک تھام اور بائیوسیکورٹی اقدامات کے اہم کردار کے علاوہ بیمار مرغیوں کی

نقل وحمل کو روکنے اور مردہ مرغیوں کو مناسب طریقہ سے تلف کرنے کے بارے میں بیداری پیدا کریں۔مرغیوں کی کسی بھی غیر معمولی موت کی اطلاع محکمہ وٹرنری اور افزائش مویشیاں کے عملے کے علم میں لانے کے لئے انہیں مطلع کیا جائے۔

ELECTRICITY

نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا مانے کہا کہ تلنگانہ حکومت آئندہ موسم گرما کے دوران بجلی کی طلب کو پورا کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ انہوں نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر سکریٹریٹ میں سدرن پاور ڈسٹری بیوشن کمپنی لمیٹڈ (ایس پی ڈی سی ایل) کے عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔اجلاس کے دوران ڈپٹی چیف منسٹر نے بجلی کی طلب کے ماضی کے نمونوں کا تجزیہ کیا اور آنے والے مہینوں میں بلا تعطل بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے عہدیداروں کے ذریعہ کئے گئے اقدامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے حکام کو ہدایت کی کہ وہ بجلی کی فراہمی میں قلت کو روکنے کے لیے تمام ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

SEETHAKKA

ریاستی پنچایت راج اور دیہی ترقی کی وزیر سیتااکا نے آج سکریٹریٹ میں سینٹر فار ریسرچ ان اسکیمس اینڈ پالیسیز (سی آر آئی ایس پی) کے ممبر سکریٹری ریٹائرڈ آئی اے ایس افسر سبرامنیم سے ملاقات کی۔گفتو کے دوران پنچایتی راج اداروں کو مضبوط بنانے، دیہی تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال کے نظام کو بہتر بنانے اور خواتین کو بااختیار بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔CRISP، جو 14 ریاستوں میں ریاستی حکومتوں کے ساتھ تعاون کرتا ہے، نے اپنی مہارت اور خدمات کو تلنگانہ تک مفت فراہم کرنے کی پیشکش کی ہے۔وزیر سیتااکا نے گاؤں کی کونسلوں کو منظّم کرنے، گرام پنچایتوں کو خود کفیل بنانے اور مقامی نظم ونسق میں اصلاحات متعارف کرانے کے لیے قابل عمل حکمت عملی کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے CRISP پر زور دیا کہ وہ بلدیاتی انتخابات کی تکمیل اور نئی گورننگ باڈیز کی تشکیل سے پہلے اس ایکشن پلان کو حتمی شکل دیں۔اس تعاون کے ایک حصے کے طور پر، CRISP نے تلنگانہ حکومت کے ساتھ مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کیے۔ایک سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ معاہدے کا باضابطہ طور پر CRISP کے ممبر سکریٹری آر سبرامنیم اور سینٹر فار رورل ڈیولپمنٹ (CRD) کے ڈائریکٹر کے درمیان وزیر سیتااکا کی موجودگی میں عمل میں آیا

WALK OUT

بی آر ایس قانون سازوں نے پبلک اکاؤنٹس سے واک آؤٹ کیا۔کمیٹی (پی اے سی) کی میٹنگ آج ریاستی قانون ساز اسمبلی کے کمیٹی ہال میں منعقد ہوئی جس میں ٹرن کوٹ ایم ایل اے اریکاپوڈی گاندھی کو کمیٹی چیئرمین کے طور پر مقرر کرنے کے خلاف احتجاج کیا گیا۔بی آر ایس ایم ایل اے ویمولا پرشانت ریڈی اور گنگولا کملاکر اور ایم ایل سی ستیہ وتی راٹھوڑ اور ایل رمنا احتجاجاً میٹنگ چھوڑ کر چلے گئے۔بعد ازاں بی آر ایس قانون ساز پارٹی کے دفتر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے ایم ایل اے نے پی اے سی چیئرمین کی تقرری کو غیر جمہوری اور اہم اپوزیشن کو نظرانداز کرنے پر برہمی ظاہر کی۔پی اے سی چیئرمین کے طور پر گاندھی کی تقرری کی مخالفت کرتے ہوئے اور پارٹی ایم

ایل اے ہریش راؤ کی نامزدگی کونظرانداز کرنے پرانہوں نے حکومت کے فیصلے پرنظرثانی کا مطالبہ کیا۔

## ACCIDENT

مدھیہ پردیش کے جبل پورضلع کے سہوراتھانہ علاقے میں آج صبح ایک ٹرک نے ایک چھوٹی مسافر گاڑی کوٹکر ماردی۔اس حادثے میں سات مسافروں کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔اور دو دیگر شدید زخمی ہوگئے جنہیں علاج کے لیے جبل پور پہنچایا گیا۔پولیس ذرائع کے مطابق جبل پور ضلع کے سیہوراتھانہ علاقہ کے تحت محلّہ بارگی گاؤں کے نزدیک غلط سمت سے آرہے ایک ٹرک کی سامنے سے آنے والی مسافر گاڑی سے ٹکر ہوگئی۔جس کی وجہ سے مسافر گاڑی میں سوار سات افراد کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔اس گاڑی کا تعلق مہاراشٹر سے بتایا جاتا ہے،جو پریاگ راج سے آندھراپردیش کے مسافروں کولیکراپنی ریاست واپس جارہا تھا۔واقعہ کی اطلاع ملتے ہی کلکٹر اور پولیس سپرنٹنڈنٹ بھی موقع پر پہنچ گئے اور راحت اور بچاؤ کام شروع کیا۔مرنے والے تمام مرد بتائے جاتے ہیں۔اسی دوران دوزخمی مسافروں کوجبل پور کے ایک اسپتال لے جایا گیا۔راحت اور بچاؤ کے کاموں میں کرین کی مدد بھی لی گئی۔ بتایا جارہا ہے کہ مسافر گاڑی میں نوافراد سوار تھے۔وزیراعلی تلنگانہ ریونت ریڈی نے اس واقعہ پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اطلاع ملنے پرانہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ زخمیوں کے لئے بہتر طبی خدمات فراہم کیئے جائیں۔مرکزی وزیرکوئلہ اور کانیں اور ریاستی بی جے پی صدر جی کشن ریڈی نے بھی عقیدت مندوں کی حادثے میں اموات پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔

## CS

چیف سکریٹری شانتی کماری نے آج ریت کانکنی کے مسئلہ پرکلکٹرس کے ساتھ ٹیلی کانفرنس منعقد کی۔بھوپال پلی،ملوگو،بھدرادری کوتہ گوڑم، پداپلی،منچیریال اور کریم نگراضلاع کے کلکٹرس نے اس کانفرنس میں حصہ لیا۔چیف سکریٹری نے کلکٹرس کو ہدایت دی کہ وہ ایک ایکشن پلان مرتب کریں تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ رہائشی تعمیرات کے لیے ریت مناسب مقدار میں دستیاب ہواور صارفین کومناسب قیمت پر فراہم کی جائے۔انہوں نے کلکٹرس کو ہدایت دی کہ وہ ریونیواور پولیس محکموں کی ایک مشترکہ ٹیم تشکیل دیں اور ذخیرہ گاہوں کا معائنہ کریں۔ذخیرہ کرنے والوں سے یہ بھی کہا گیا کہ وہ ریاست کے بڑے ریت بازاروں کوجانے والی سڑکوں کی نشاندہی کریں۔انہوں نے پولیس اورمحکمہ ٹرانسپورٹ کے اہلکاروں کی شمولیت کے ساتھ روڈ پٹرولنگ اور چیکنگ کے لیے ایک مشترکہ ٹیم تشکیل دینے کی ضرورت پرزور دیا۔قبل ازیں چیف سکریٹری نے ریت کی کانکنی سے متعلق عہدیداروں کے ساتھ جائزہ میٹنگ منعقد کی اور ریت کی کانکنی کے عمل کو ہموار کرنے پرتبادلہ خیال کیا۔

## CYBER CRIME

مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ نے آج اپنے خطاب میں کہا کہ حکومت ہم آہنگی، رابطہ کاری،مواصلات اورصلاحیت پرزور دے کرسائبر جرائم سے نمٹنے کے لیے چارجہتی حکمت عملی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔وزیرداخلہ نئی دہلی میں 'سائبر سیکورٹی اور سائبر کرائم' کے موضوع

پروزارت داخلہ کے لیے پارلیمانی مشاورتی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ وزیر داخلہ نے زور دے کر کہا کہ سائبر کرائم نے تمام جغرافیائی حدود کو مٹا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت داخلہ نے بھی ہندوستان کو سائبر جرائم سے محفوظ ملک بنانے کی سمت میں کئی اہم قدم اٹھائے ہیں۔

## WOMEN BUDGET

مرکزی مملکتی وزیر برائے ترقی و بہبود خواتین واطفال انا پورنا دیوی نے کہا کہ مرکزی بجٹ میں خواتین کی فلاح و بہبود کے لئے چار لاکھ کروڑ روپئے کا ریکارڈ بجٹ منظور کیا گیا ہے جو کہ گذشتہ سال کے مقابلے سینتیس فیصد زیادہ ہے۔ نئی دہلی میں آج میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے مملکتی وزیر نے اعلان کیا کہ ساتواں پوشن پکھواڑا اس سال اٹھارہ مارچ تا دو اپریل تک منعقد ہوگا۔ جس میں مختلف موضوعات کو اہمیت دی جائے گی۔